25-09-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں بے روزگاری میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ایک نیا اسکیل ڈیولپمنٹ پروگرام شروع کیا جس کے ذریعہ بینکنگ، مالی خدمات اور انشورنس پر توجہ دی جائے گی۔

☆ ریاست کے آبپاشی وزیر اُتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ضلع محبوب نگر کے تمام آبپاشی پراجکٹس کو مکمل کرلیا جائے گا جبکہ بارہ لاکھ ایکر اراضی کو آبپاشی کے تحت لایا جائے گا۔

☆ سپریم کورٹ نے ججس کو انتباہ دیا ہے کہ کسی بھی طبقہ کے احساسات کو مجروح کرنے والے بیانات دینے سے احتیاط برتی جائے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس ماہ کی 28 تاریخ کو سکندرآباد کے راشٹراپتی نیلائم میں بھارتیہ کلا مہا اتسوم کا افتتاح کریں گی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مانصاحب ٹینک حیدرآباد میں واقع جواہر لال نہرو آرکیٹکچر اینڈ فائن آرٹس یونیورسٹی میں ایک نیا اسکیل ڈیولپمنٹ پروگرام شروع کیا جس کے ذریعہ بینکنگ، مالی خدمات اور انشورنس (بی ایف ایس آئی) پر توجہ دی جائے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے ریاست میں خاص طور پر پچھلی ایک دہائی کے دوران بے روزگاری کی شرح میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ مختلف اقدامات کئے جانے کے باوجود کئی افراد کے لئے ملازمتوں کے مواقع ہنوز پیدا نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت نے اس بات کو سمجھا ہے کہ تلنگانہ میں بے روزگاری ایک سنگین مسئلہ ہے لہذا ان کی حکومت کے اقتدار میں آنے کے تین ماہ کے اندر تیس ہزار سرکاری ملازمتیں فراہم کی گئیں۔ ریونت ریڈی نے حال ہی میں مزید پینتیس ہزار ملازمتوں کیلئے جاری کردہ اعلامیہ کا ذکر کیا اور کہا کہ ملازمتیں نہ ملنے کا سبب گریجویٹ امیدواروں اور صنعتوں کی ضروریات کے درمیان صلاحیتوں کا فرق ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس مسئلہ سے نمٹتے ہوئے حکومت نے مذکورہ ادارہ کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ ریونت ریڈی نے اس موقع پر بی ایف ایس آئی کے شعبہ کی ستائش کی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج یہ سوال کیا ہے کہ حیدرآباد میں سیوریج کا 94 فیصد حصہ مکمل کئے جانے کے بعد موسیٰ ندی کے لئے صفائی پراجکٹ کی کیا ضرورت ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت نے صد فیصد علاج کے نشانہ کے ساتھ ایک ٹریٹمنٹ پلان تیار کیا تھا۔ سابق وزیر کی قیادت میں بی آر ایس کے لیڈرس نے کوکٹ پلی میں واقع فتح نگر سیوریج ٹریٹمنٹ پلان کا دورہ کیا اور موجودہ حکومت کے تحت جاری کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر راما راؤ نے اس پراجکٹ کیلئے 1.5 لاکھ کروڑ روپئے خرچ کئے جانے پر حکومت اور وزرا کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ پیشرو حکومت کی جانب سے شروع کردہ مختلف پراجکٹ کے کام دھیمے انداز میں جاری ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے آبپاشی وزیر اتم کمار ریڈی نے آج ضلع محبوب نگر کا دورہ کیا اور مختلف آبپاشی پراجکٹس کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ ایکسائز کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ، ناگر کرنول کے ایم ایل اے ملوروی اور دیگر سینئر عہدیدار بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اُتم کمار نے جاری کاموں کا معائنہ کیا اور اہم پراجکٹس کی تکمیل میں درپیش تاخیر کے سلسلہ میں مختلف تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے پالمور، رنگا ریڈی، کلوا کرتی، نیٹم پاڈو، بھیما اور کوئیل ساگر پراجکٹس کا بھی معائنہ کیا جو ضلع کی آبپاشی کی ضروریات کی تکمیل کیلئے اہم ذخائر ہیں۔ اس موقع پر وزیر نے بتایا کہ ان تمام پراجکٹس کو جس قدر جلد ممکن ہو سکے مکمل کرلیا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ضلع میں مختلف مقامات پر بارہ لاکھ ایکر اراضی کو آبپاشی کے تحت لایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے میک ان انڈیا پروگرام کے دس برس کی تکمیل کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر مودی نے کہا کہ میک ان انڈیا پروگرام سے 140 کروڑ ہندوستانیوں کو ایک اختراعی طاقت بننے میں مدد ملی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے کارگذار صدر جگا ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ بھارت جنتا پارٹی، ترو ملا لڈو پرساد کے معاملہ میں سیاسی فائدہ حاصل کرنے کیلئے اس صورتحال کا استحصال کررہی ہے۔ آج جاری کردہ ایک بیان میں سابق لیجسلیچر نے آندھراپردیش میں مذہبی جذبات کو ابھارنے پر بی جے پی کے کردار پر شبہ ظاہر کیا ہے اور کہا کہ یہ پارٹی فائدہ حاصل کرنے کیلئے تنازعہ کا استعمال کررہی ہے۔ جگا ریڈی نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ حقائق سامنے لائے جائیں اور خاطیوں کو سزا دینے کے علاوہ اس طرح کے واقعات کا اعادہ نہ ہونے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے آج انتباہ دیا ہے کہ ججس کو چاہئے کہ عام نوعیت کی بیان بازی کو نظرانداز کیا جائے جس سے کسی بھی طبقہ کے احساسات مجروح ہوسکتے ہیں۔ چیف جسٹس آف انڈیا ڈی وائی چندر چور، جسٹس سنجیو کھنہ، بی آر گوائی، سوریا کانت اور ریشی کیش رائے پر مشتمل پانچ رکنی ایک بنچ نے مختلف ساعتوں کے دوران کرناٹک ہائی کورٹ جج کی جانب سے دیئے گئے متنازعہ ریمارکس پر اپنے طور پر اس معاملہ کی سماعت کی۔ اس کے علاوہ کورٹ نے اس بات کی ضرورت پر بھی زور دیا کہ ججس کو خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا کے دور میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ عدالت نے کہا کہ اس طرح کے بیانات قطعی طور پر نامناسب ہیں جبکہ عدالت جنس یا طبقات کی بنیاد پر کوئی فیصلہ نہیں کرتی ہے۔ بنچ نے اس بات پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ ججوں کے دل اور ان کے فیصلے عام طور پر شفاف ہوتے ہیں۔ بنچ نے یہ بات یاد دلائی کہ ججس کو بہرصورت غیر جانبداری اور شفافیت سے کام لینا ہوگا۔

☆☆☆☆☆

اپر پلی کی ایک مقامی عدالت نے ٹالی ووڈ کے کوریوگرافر شیخ جانی باشاہ کو نارسنگھی پولیس کو چار دن کی تحویل میں دینے کی اجازت دیدی۔ جانی باشاہ کو جانی ماسٹر کی حیثیت سے بھی جانا جاتا ہے جن کے تعلق سے پولیس آبروریزی کے ایک مقدمہ کے تحت تحقیقات کررہی ہے۔ جانی پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے اپنی اسسٹنٹ کوریوگرافر کی آبروریزی کی۔ انہیں گوا میں گرفتار کیا گیا تھا اور حیدرآباد لانے کے بعد راجندر نگر منڈل کی ایک عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ انہیں چودہ دن کی عدالتی تحویل میں دیا گیا تھا جبکہ وہ چنچل گوڑہ جیل میں قید تھے۔ پولیس جانی کو اپنی تحویل میں لینے کی خواہاں تھی جس پر عدالت نے انہیں چار دن تحویل میں رکھنے کی اجازت دی۔

☆☆☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس ماہ کی اٹھائیس تاریخ کو راشٹراپتی نیلائم میں بھارتیہ کلا مہا اتسوم کا افتتاح کریں گی۔ اس ماہ اتسوم کے دوران شمال مشرق کی آٹھ ریاستوں آسام، اروناچل پردیش، منی پور، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم اور تریپورہ شامل ہیں۔ یہ پروگرام عوام کیلئے انتیس ستمبر سے چھ اکتوبر تک کھلا رہے گا۔ راشٹراپتی بھون کی او ایس ڈی سواتی ساہی نے آج نیلائم کو میڈیا کو یہ تفصیلات بتائیں۔ بھارتیہ کلا مہا اتسوم کا انفرادی ایڈیشن ثقافت پر مبنی رہے گا۔ مینجنگ ڈائرکٹر نارتھ ایسٹرن ہینڈلوم اینڈ ہینڈی کرافٹس ڈیولپمنٹ کارپوریشن آر کے سنگھ نے کہا کہ مہا اتسوم کے دوران تقریباً چار سو فنکار مظاہرہ کریں گے جبکہ اس دوران مذکورہ ریاستوں کی مختلف ہینڈی کرافٹس کے علاوہ تہذیب و ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا۔ اس پروگرام میں مذکورہ 8 ریاستوں کے گورنرس اور مرکزی وزراء شرکت کریں گے۔ راشٹراپتی نیلائم کی منیجر رجنی نے کہا کہ نیلائم کے لئے حیدرآباد میں مختلف مقامات سے بسوں کا مفت انتظام رہے گا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں اس ماہ کی 23 تاریخ کو قومی لوک عدالت منعقد ہوگی جو ہائی کورٹ سے لیکر تعلقہ کی سطح تک منعقد کی جائے گی۔ اس دوران تمام نوعیت کے سیول مقدمات کی یکسوئی کی جائے گی۔ یہ لوک عدالت بنا کسی فیس منعقد کی جائے گی جو افراد اپنے زیر التوا مقدمات کی یکسوئی کے خواہاں ہیں، چیئر مین رسکریٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسیس اتھارٹی، نیائے سیوا سدن سے رجوع ہوسکتے ہیں۔

ریاست کے اضلاع عادل آباد، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، میدک اور کاماریڈی میں مختلف مقامات پرآئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ تین دن کے دوران ریاست کےمختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں بھی چلنے کا امکان ہے۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اضلاع جئےشنکر بھوپال پلی، جنگاؤں، کھمم، میڑچل ملکاجگیری، محبوب نگر، نارائن پیٹ، سدی پیٹ اور وقارآباد میں کہیں کہیں شدید بارش درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے 633فارماسیسٹس گریڈ 3 عہدوں پرتقررات کیلئے اعلامیہ جاری کیا ہے۔فارماسیٹس گریڈ2 کے لئے ریاست کےمختلف محکموں کےتحت اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔آن لائن درخواستیں دس اکتوبر سے داخل کی جاسکتی ہیں جبکہ درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ اکیس اکتوبر شام پانچ بجے مقرر رہے۔

☆☆☆☆☆